# ISLAMIC MASUMEEN SCHOOL

Of New England


115 Wood St, Hopkinton, MA




# ISLAMIC STUDIES LEVEL 2

## URDU

Enrolled student loaner copy


ترمیم اور اضافے کے ساتھ
تتلی
اور دوست
اردو سلسلہ
ابتدائی سال اوّل

# تتلی

## اور دوست


ناظم منصوبہ: ثروت شفیق

کہانی نگار: حسنہ شوکت

مصور: حسن مہدی، سید فصاحت علی

تزئین کار: وجیہہ مغل، محمد نشران

سرورق: محمد احمد، وقاص علی

مشاورت: ملیحہ اطہر

ڈائریکٹر: رائد افضل



EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT, SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے یا کسی بھی طریقے
سے محفوظ کرنے، فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔



پاکستان میں شائع کی گئی۔

ہیڈ آفس:
A-277، بلاک 2، گلشنِ اقبال، کراچی۔
رابطہ: 021-34970331 , 34970553
0334-3412474 , 0334-3913500
www.eastonline.com.pk

EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT, SYSTEM & TRAINING

اسلام آباد: 0335-0212136
لاہور: 0315-4396351
سیالکوٹ: 0333-4673773
فیصل آباد: 0321-6677645
مردان: 0335-0212137

# تتلی اور دوست

ابتدائی سال

اوّل

میں بھی اب تتلی کے دوستوں میں شامل ہوں

میرا نام ____________________ ہے۔

میں جماعت ____________ میں ہوں۔







مزہ تو اب آئے گا۔ ساری بات کہانی میں ہو جائے گی۔ پڑھائی کی پڑھائی۔ مزے کا مزہ۔

میں اور میرے دوست تو اس انتظار میں ہیں کہ آپ " تتلی اور دوست" شروع کریں اور ہم آپ کو حروف کی آوازیں، الفاظ سازی اور بہت کچھ کہانی کہانی میں ہی سکھا دیں۔



تو پھر تیار ہیں ناں آپ.....؟؟؟

ہاں.......!!! یہ ہوئی نہ بات۔ چلیں اب ہم ایک دلچسپ سفر کا آغاز کرتے ہیں۔ اس سفر میں رنگ بھرنے سے لے کر لکھائی کی مشق تک، بہت کچھ کرنے کو ملے گا۔ اس کے علاوہ آپ کی ملاقات کچھ نہایت ہی دلچسپ لوگوں اور حیرت انگیز جانوروں سے بھی ہوگی۔

جی.....؟؟؟ کیا کہا...؟؟ اب انتظار نہیں ہوتا۔ صحیح کہا آپ نے ہم سے بھی انتظار نہیں ہوتا۔ تو پھر.......!!!

آیئے ایک نئے سفر کا آغاز کیجئے۔







تاریخ ________




تاریخ ________






بندر ، بطخ ، بلی ، خالہ

'ب' کے نیچے نقطہ ڈالا





بندر





بلی





بطخ


مقصد: 'ب' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ب' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔


تاریخ ________




'پ' سے پتہ 'پ' سے پیالا
تین چھوٹے سے نقطوں والا





پیاز





پنکھا





پیالہ


مقصد: 'پ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'پ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔


تاریخ ________





ہاتھ اٹھاؤ ، تالی بجاؤ
دو نقطے اب 'ت' پہ لاؤ





تیتر





تربوز





تیر

مقصد: 'ت' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ت' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔


تاریخ ____________




ٹ سے ٹماٹر کھالو آج
چھوٹی طوئے ہے 'ٹ' کا تاج



ٹماٹر





ٹیوٹی





ٹوکری

مقصد: 'ٹ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ٹ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

# پکنک

ایک دن بلی، بندر، بطخ، تتلی، تیتر اور ٹام نے پروگرام بنایا کہ پکنک پر چلتے ہیں۔ بلی بولی میاؤں میاؤں میں تو اپنے لئے خوب ساری بوٹی رکھوں گی۔ بندر بولا کھی کھی میں تو بہت ساری بوتل رکھوں گا۔ تتلی اور تیتر نے کہا ہم تو تربوز رکھیں گے۔ اور اتنے میں ٹام اور ٹیوٹی بھاگتے ہوئے آئے اور کہنے لگے کہ اس ٹوکری میں بہت سارے ٹماٹر اور پیاز ہیں یہ بھی رکھ لو۔ لیکن سب نے کہا کہ جائیں گے کیسے تو اتنے میں انھیں آواز آئی گھرررر۔۔۔۔۔ جو دیکھا تو ایک ٹرک آرہا تھا۔ سب خوش ہوگئے۔ بلی، بندر، تیتر، تتلی، ٹام سب زور زور سے آواز دینے لگے تو ٹرک آگیا۔

وہ لوگ اس میں بیٹھ گئے۔ اور خوشی خوشی جانے لگے کہ اچانک ایک بڑی سی ٹہنی ٹوٹ کر ٹرک کے سامنے گر گئی۔ دھڑام۔۔۔ ٹرک نے اچانک زور سے بریک لگائی۔ (چرررر)۔۔۔۔۔ سارے ٹماٹر اور پیاز بھی ٹوکری سے گر گئے۔ سب نے جلدی جلدی ٹماٹر اور پیاز ٹوکری میں ڈالے اور ٹہنی کو ہٹایا اور پھر وہ لوگ دوبارہ ٹرک میں بیٹھ گئے اور ایک بہت بڑا سا باغ تھا وہاں پہنچے۔




مقصد: بچوں کو 'ب'، 'پ'، 'ت' اور 'ٹ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔




باغ میں ایک پلنگ بھی تھا اور پنکھا بھی رکھا تھا اور پیارے پیارے پرندے بھی تھے۔ تیتر، بندر، بلی، سب بہت خوش تھے۔ سب پلنگ پر بیٹھ گئے اور پنکھے کی ہوا کھانے لگے۔ تھوڑی دیر میں آسمان پر بادل آگئے موسم بہت اچھا ہوگیا۔ وہاں پر پانی بھی تھا وہ سب اس میں نہانے لگے۔ خوب مزہ آرہا تھا۔ ٹام تو بالٹی میں پانی ڈال کر نہانے لگا۔ لیکن ٹیوٹی بہت اداس تھی اس کو ٹی وی دیکھنے کا دل چاہ رہا تھا۔ سب نے کہا کہ جب ہم گھر جائینگے تم ٹی وی دیکھ لینا۔ آؤ پہلے نہالو تو ٹیوٹی نہانے چلی گئی۔ چھپ چھپ چھپ۔۔۔ اسے تو بڑا ہی مزہ آرہا تھا۔ پھر سب کو بھوک لگی تو انھوں نے پیاز اور ٹماٹر کی سلاد بنائی اور تربوز کاٹا اور خوب مزے سے کھایا۔

مقصد: بچوں کو 'ب'، 'پ'، 'ت' اور 'ٹ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

تاریخ ____________



مقصد: آواز 'ب'، 'پ'، 'ت' اور 'ٹ' کا اعادہ


برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

تاریخ ________









مقصد: شروع کی آوازوں کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے شروع کی آواز پوچھیے اور حرف کو اُن کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔


تاریخ ____________




'ج' سے جیپ 'ج' سے جوتا
نیچے 'ج' کے ایک ہی نقطہ





جیپ





جالا





جہاز

مقصد: 'ج' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ج' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015


تاریخ ______




چڑیا چوزا بجائے بین
'چ' کے نیچے نقطے تین




چیل





چمگادڑ





چوہا

مقصد: 'چ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'چ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015






تاریخ ________




حجام

پلیٹ میں حلوہ ، حلیم کی تھالی
نہیں ہے نقطہ ، 'ح' ہے خالی





حویلی





حقہ


مقصد: 'ح' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز "ح" سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015


تاریخ ____________





خربوزہ

خرگوش لایا خط خالو کا
'خ' کے اوپر اک ہی نقطہ





خرگوش





خیمہ

مقصد: 'خ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'خ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔


EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING
Copyright | 2014-2015

# جنگل کی سیر



شام کا وقت تھا جاوید نے خاور سے کہا کہ جنگل کی سیر کو چلتے ہیں۔ خاور نے کہا ٹھیک ہے اور اس نے اپنی جیپ نکالی۔
ابھی وہ تھوڑی دور ہی گئے تھے کہ ایک بہت بڑا جہاز شوں۔۔۔ کرتا ہوا ان کے اوپر سے گزرا۔ جاوید ڈر گیا اور اس نے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لئے۔ ابھی وہ تھوڑی دور ہی گئے تھے کہ ایک چیل اور چمگادڑ آ گئے اور زور زور سے چیخنے لگے۔
اب تو اندھیرا بھی ہو رہا تھا۔ جاوید اور خاور نے سوچا اب کیا کریں یہاں تو کچھ نظر نہیں آ رہا کہ اتنے میں ایک چیتا ان کی گاڑی کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ خاور نے گاڑی روک دی اور گاڑی کی لائٹ بند کر دی۔ چیتا بھاگ گیا۔
لیکن اندھیرا بہت ہو گیا تھا۔ کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ اتنے میں ایک چھوٹا سا جگنو آیا اور کہنے لگا کہ ہوں میں ایک چھوٹا سا کیڑا لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے روشنی دی ہے۔ میں تم لوگوں کو راستہ دکھاؤں گا۔ اس طرح جگنو نے ان کو اپنی روشنی سے راستہ دکھایا۔

مقصد: بچوں کو 'ج'، 'چ'، 'ح' اور 'خ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔




وہ لوگ جنگل سے باہر آئے تو ہلکی ہلکی روشنی ہو رہی تھی اور سامنے ایک بہت بڑی حویلی تھی۔ لوگ اپنے اپنے کاموں پر جا رہے تھے۔ حلوائی مزیدار مٹھائیاں بنا رہا تھا۔ ایک خوانچہ والا بہت سارے خربوزے لے کر ایک خیمے کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ وہاں پر پیارے پیارے خرگوش تھے۔ جو مزے سے بھاگ رہے تھے۔ خاور اور جاوید بھی مزے سے خرگوشوں کے ساتھ کھیلنے لگے۔ پھر ان کو بھوک لگ گئی تو انہوں نے حلوائی سے مٹھائی لی۔ خوانچہ والے سے خربوزہ لئے اور خوب مزے سے کھائے۔ پھر واپس جیپ میں بیٹھ کر گھر واپس چلے گئے۔


مقصد: بچوں کو 'ج'، 'چ'، 'ح' اور 'خ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

تاریخ __________




ج 

چ 

ح 

خ 

FAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

مقصد: آواز 'ج'، 'چ'، 'ح' اور 'خ' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

تاریخ ______






مقصد: شروع کی آوازوں کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے شروع کی آواز پوچھیے اور حرف کو اُن کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔

EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING
Copyright 2014-2015

تاریخ ________




دنبہ بھاگا کھانے دانہ

'د' کی کمر کو گول بنانا



دوائی



دادی



دنبہ





EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015


مقصد: 'د' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'د' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

تاریخ ________




ڈائنو کھا گیا ساری روٹی
'ڈ' کے اوپر طوئے ہے چھوٹی



ڈبل روٹی




ڈائنوسار



ڈرم





مقصد: 'ڈ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ڈ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015




تاریخ ____________

ریچھ ، رکشہ لے کر بھاگا

'ر' بڑا ہی سیدھا سادا




ریل





رکشہ





ریچھ

مقصد: 'ر' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ر' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015




تاریخ ________




زرافہ

زو میں زیبرا دکھائے زبان
اک نقطہ ہے 'ز' کی شان





زنجیر






زیبرا

EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT & TRAINING
Copyright 2014-2015

مقصد: 'ز' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ز' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

# دانیال کی شرارتیں



ایک دن شام کے وقت دانیال، دادا اور دادی درخت کے پاس بیٹھ کر باتیں کر رہے تھے۔ میز پر دادا کی روٹی رکھی تھی کہ اچانک ایک دنبہ بھاگتا ہوا آیا اور میز سے جو ٹکرایا تو دادا کی روٹی گر گئی۔ سارے کا سارا بکھر گیا۔ یہ دیکھ کر ان کو غصہ آگیا۔ دادا بولے۔ دانیال جلدی سے گیا اور دنبے کو پکڑ کر باہر لے گیا۔ جب وہ باہر گیا تو اسے ایک ڈائنا سار نظر آیا۔ دانیال بولا اوہ! یہ تو دیکھو اتنا بڑا ڈائنا سار۔ لیکن یہ ڈرم میں کیا کر رہا ہے؟ اور جب دانیال نے پاس جا کر دیکھا تو ڈائنا سار ڈرم میں رکھی ہوئی ڈبل روٹی کھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ لیکن وہ بیچارہ کھا ہی نہیں پا رہا تھا۔ تو تب دانیال نے کہا کہ میں آپ کو ڈبل روٹی دیتا ہوں۔ اس نے ڈبل روٹی نکالی اور ڈبے میں رکھ کر ابھی ڈائنا کو دی ہی تھی کہ ایک ریل گاڑی تیزی سے گزری۔



مقصد: بچوں کو "ذ"، "ڈ"، "ز" اور "ژ" کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

چھک چھک چھک چھک ۔ دانیال کے ہاتھ سے ڈبہ گر گیا۔ ابھی وہ ڈبہ اٹھا ہی رہا تھا کے پیچھے سے ڈگڈگی کی آواز آئی اور ریچھ والا بولا آؤ آؤ جلدی آؤ۔ ریچھ کا تماشا دیکھو ریچھ کا تماشا دیکھو۔ سارے لوگ جمع ہو گئے کہ ایک رکشہ رکا اس میں سے دادا اترے ارے ارے ہٹو بھئی مجھے بھی راستہ دو میں بھی تماشا دیکھوں گا۔ ریچھ نے تماشا دکھانا شروع کیا۔ ریچھ والے کے ہاتھ میں رسی تھی۔ وہ جیسے جیسے اس رسی کو ہلاتا ریچھ ناچتا دھم دھم دھم دھم۔ بڑا ہی مزہ آ رہا تھا کہ اچانک ڈائنا سار بھاگ گیا اور سامنے پارک میں چلا گیا۔ وہاں پر زیبرا اور زرافہ تھا۔ دانیال ان کے پاس جا کر کھڑا ہوا تو ان تینوں نے دانیال کو زبان چڑائی تو دانیال نے بھی ان کو زبان چڑائی! وہ تینوں زور زور سے ہنسنے لگے۔ ریچھ والا بھی وہاں آ گیا اور سب مل کر مزے کرنے لگے۔




مقصد: بچوں کو "ڈ"، "ڑ"، "ز" اور "ژ" کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔


تاریخ ________




ر



ڑ



ر



ز



مقصد: آواز 'ر'، 'ڑ'، 'ز' اور 'ژ' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

تاریخ ________

پنسل پھیریے — ملایے

| | |
|---|---|
| ڑ | ر |
| ڑ | ڑ |
| ز | ر |
| ر | ز |

EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING
Copyright | 2014-2015

مقصد: شروع کی آوازوں کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے شروع کی آواز پوچھیے اور حرف کو ان کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔




تاریخ ________

تین ہیں شوشے 'س' کے ساتھ
نقطہ کوئی نہیں ہے پاس




سائیکل





سیڑھی





سانپ

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015


مقصد: 'س' کی پہچان۔

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'س' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔




تاریخ ______

'ش' سے شیر بجائے بین
تین ہی نقطے تین ہی شوشے






شاہین



شربت





شترمرغ

مقصد: 'شـ' کی پہچان۔

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'شـ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔


EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING
Copyright | 2014-2015


پڑھیے | پنسل پھیریے | رنگ بھریے


تاریخ ________

اڑا عقاب ڈر گئی عورت
'ع' کی سب سے الگ ہے مورت



عقاب





عمارت





عینک

مقصد: 'ع' کی پہچان


برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ع' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015




تاریخ ________

'غ' سے غلیل اور غبارہ
نقطہ اس پر بھی اک ڈالا







غلیل



غلاف



غبارہ

مقصد: 'غ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'غ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔



EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

# سارہ اور غازی

امی صحن میں بیٹھ کر سلائی کر رہی تھیں۔ سارہ تو مزے سے سائیکل چلا رہی تھی اور سیب کھاتی جا رہی تھی۔ اس کی امی ہر تھوڑی دیر میں اسے آواز دیتی، ارے سارہ سوئی میں دھاگہ ڈال دو۔ سارہ نے کہا امی میں باہر سائیکل چلا رہی ہوں۔ باہر سورج کی گرمی بہت تھی۔ امی نے سارہ سے کہا تم سائیکل اندر چلاؤ میں تمھیں شربت لا کر دیتی ہوں۔ ابھی امی شربت لے کر آئی ہی تھیں کہ انھیں آواز آئی سی۔۔۔ امی نے کہا یہ کس چیز کی آواز ہے کہ اچانک سارہ چیخی (س س س) سانپ۔۔۔ اور چیخ کر سیڑھی پر چڑھ گئی۔ اتنے میں ایک بڑا سا شاہین آیا سانپ کو پکڑ کر اڑ کر ایک عمارت پر بیٹھ گیا وہاں اچانک ایک عقاب بھی آ گیا دونوں مل کر سانپ کو پکڑنے لگے۔



مقصد: بچوں کو "س"، "ش"، "غ" اور "ز" کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

سارہ اور غازی یہ سب دیکھ رہے تھے۔ پھر غازی اور سارہ گھومتے گھومتے عمارت کے پیچھے گئے تو وہاں ایک باغ تھا اور وہاں پر شیر، شیرنی، اور شتر مرغ آرام سے ٹہل رہے تھے۔ وہیں پر ایک غبارے والا آ گیا۔ رنگ برنگے غبارے لے لو۔ لال پیلے غبارے لے لو۔ وہ آواز دے رہا تھا کہ اچانک ایک غبارہ پھٹ گیا۔ یہ کیا کیسے ہو گیا؟ کس نے پھاڑا؟ پیچھے مڑ کے دیکھا تو ایک بچہ ہاتھ میں غلیل لئے ہوا تھا اور غبارے پھاڑ رہا تھا۔ غازی اس کے پاس گیا اور اسے سمجھایا کہ یہ اچھی بات نہیں۔ اس سے کسی کو چوٹ بھی لگ سکتی ہے۔ وہ بچہ اس کی بات مان گیا۔ اس نے اپنی غلیل پھینک دی اور وعدہ کیا کہ وہ کبھی کسی کو نہیں ستائے گا اور نہ غلیل سے کھیلے گا۔ اس طرح وہ بھی سارہ اور غازی کا دوست بن گیا اور باغ میں ان کے ساتھ کھیلنے لگا۔




مقصد: بچوں کو 'مـ'، 'نشـ'، 'غـ' اور 'مغـ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

تاریخ ______




س



ش



ع



غ



EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

مقصد: آواز 'س'، 'ش'، 'ع' اور 'غ' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

تاریخ ________






مقصد: شروع کی آوازوں کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے شروع کی آواز پوچھیے اور حرف کو اُن کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

تاریخ ________




فاختہ بیٹھی گانا گائے

'ف' پہ نقطہ ایک لگائے






فوجی



فٹ بال





فوارہ


مقصد: 'ف' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ف' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

تاریخ ________




’ف‘ کی طرح ’ق‘ بناؤ
قلم سے نقطے دو لگاؤ




قلم




قلفی



قینچی





EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015


مقصد: ’ ق ‘ کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز ’ ق ‘ سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

تاریخ ____________




'ک' کے اوپر کشش لگاؤ
کیک ، کبوتر سب کو دکھاؤ





کیک





کبوتر





کیتلی

مقصد: 'ک' کی پہچان


برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ک' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015

تاریخ ________




موٹی گائیں گاجر کھائیں
'گ' ہے کشش دو لگائیں




گوبھی





گائے





گاجر

مقصد: 'گ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'گ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

# گرمیوں کی چھٹیاں

فہد اور فرخ کی گرمیوں کی چھٹیاں ہو گئی تھیں۔ دونوں روزانہ شام کو فٹ بال کھیلنے جاتے تھے۔ ایک دن دونوں فٹ بال کھیل رہے تھے کہ ایک فاختہ اُڑتی ہوئی آئی اور زمین پر گر گئی۔ "یہ کیا" فہد نے کہا "اس کے تو پیر میں چوٹ لگی ہے" دونوں اِدھر اُدھر دیکھنے لگے کہ اب کیا کریں؟ اتنے میں ایک فوجی آیا اور پوچھنے لگا "تم دونوں کیوں پریشان ہو؟" فہد اور فرخ نے فوجی کو زخمی فاختہ دکھائی۔ فوجی بولا "تم لوگ ایسا کرو اسے اپنے گھر لے جاؤ اور اس کی دیکھ بھال کرو۔" وہ دونوں اسے گھر لے آئے۔ امی قالین پر بیٹھ کر کام کر رہی تھیں، قادر اور قاسم قرآن پڑھ رہے تھے۔ قاسم اور قادر نے قرآن پڑھ لیا تو امی نے کہا بیٹا قلم لے کر اس پر نشان لگا لو کہ کہاں تک پڑھا ہے۔



مقصد: بچوں کو 'ف'، 'ق'، 'ک'، اور 'گ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

ابھی دونوں یہ کام کر ہی رہے تھے کہ باہر قلفی والا آ گیا۔ امی نے قلفی دلائی اور وہ لوگ مزے سے کھانے لگے۔ اتنے میں ہوٹل سے آواز آئی ”پکڑو اسے پکڑو“ قاسم اور قادر باہر آئے تو دیکھا کے چائے والا کیتلی لے کر کتے کے پیچھے بھاگ رہا تھا۔ ہوٹل کی ساری کرسیاں گری ہوئی تھیں اور کتا منہ میں کیک لے کر بھاگ رہا تھا۔ اچانک کتا ایک گھر میں چلا گیا۔ وہاں پر گلاب کے پھول گملے میں رکھے ہوئے تھے۔ کتے نے وہ بھی توڑ دیے۔ امی پلنگ پر بیٹھ کر گوبھی اور گاجر کاٹ رہی تھیں وہ ڈر کر اندر بھاگ گئیں۔۔ ابھی وہ گھر سے بھاگ ہی رہا تھا کہ سامنے سے ایک بڑی سی گائے آ گئی، کتا ڈر گیا۔ گائے نے آواز نکالی (موں موں موں) اور جیسے ہی کتے نے یہ آواز سنی اور گائے کو دیکھا تو یہ جا وہ جا۔ اب سب کی جان میں جان آئی اور پھر سب اپنے کاموں میں لگ گئے۔



مقصد: بچوں کو ’ذ‘، ’ق‘، ’س‘ اور ’ش‘ کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

تاریخ __________






مقصد: آواز 'ف'، 'ق'، 'س'، اور 'ش' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

تاریخ ______

پنسل پھیریے　ملائیے



مقصد: شروع کی آوازوں کا اعادہ


برائے اساتذہ: بچوں سے شروع کی آواز پوچھیے اور حرف کو ان کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

تاریخ ____________





لومڑ نے کھٹا لیموں کھایا
'ل' پھسل کر نیچے آیا




لہسن





لیموں





لال بیگ



EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING
Copyright 2014-2015


مقصد: ' ' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز ' ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔





تاریخ ________




مچھلی

'م' کی شکل ہے کتنی انوکھی
'م' سے مینڈک، مرغی، مچھلی





مرغی





مینڈک


مقصد: 'مـ' کی پہچان


برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'مـ' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔





تاریخ ____________


'ن' کا نقطہ پیالے میں
آئے نارنگی جاڑے میں







نارنگی



ناشتہ



ناشپاتی

مقصد: 'ن' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ن' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

تاریخ ________




'ہ' کے نیچے ہے ایک ہار
ہرن ، ہاتھی بن گئے یار



ہرن





ہتھوڑی





ہاتھی


مقصد: "ہ" کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز "ہ" سے شروع ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

# جانوروں کی دیکھ بھال

ماریہ اسکول سے آئی تو اسے بہت زور کی بھوک لگی ہوئی تھی۔ اس نے امی نے کہا! امی مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے جلدی سے کھانا دیں۔ اس کی امی نے کہا بیٹا بس یہ لیموں کاٹ لوں اور لہسن کی چٹنی پیس لوں پھر کھانا دیتی ہوں۔ امی نے لوکی کی سبزی اور مرغی کا سالن بنایا تھا۔ ساتھ میں مچھلی بھی فرائی کی تھی۔ اور بھئی ماریہ کی امی نے کھانا ہی اتنا مزیدار بنایا تھا کہ جو بھی اس کی خوشبو سونگھتا اسے تو بھوک ہی لگ گئی تھی۔ ابھی ماریہ کھانا کھانے بیٹھی تھی کہ اسے آواز آئی (ٹرٹرٹر......) اب جو ماریہ نے دیکھا تو ایک چھوٹا سا مینڈک اچھل کر ماریہ کی طرف آ رہا تھا اور اس کے پیچھے ایک لال بیگ بھی آ گیا۔ ماریہ زور زور سے رونے لگی تو اس کی امی نے لکڑی لی اور دونوں کو بھگا دیا۔ اتنے میں اس کے ابو آ گئے اور بولے دیکھو میں تمہارے لیے پھل لے کر آیا ہوں [illegible] لگی تو اس کے ابو نے اسے نارنگی اور ناشپاتی دی اور کہا کہ اسے دھو کر کھانا۔ ماریہ نل کے پاس گئی اور پھلوں کو دھو کر لے آئی۔



مقصد: بچوں کو 'ا' 'ہ' 'م' 'ن' اور 'و' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

آج تو اسے اپنی سہیلی کے ہاں بھی جانا تھا۔ پھر وہ شام کو تیار ہوئی اور بہت پیارا سا ہار بھی پہنا۔ جب وہ اپنی سہیلی کے ہاں پہنچی تو وہ جانوروں سے متعلق فلم دیکھ رہی تھی جس میں بڑے بڑے ہاتھی اور پیارے پیارے ہرن جنگل میں کھیل رہے تھے۔ فلم میں کچھ لوگ جانوروں کی تصویریں بنا رہے تھے۔ فلم میں انہوں نے دکھایا کہ اچھے لوگ ہیلی کاپٹر میں بیٹھ کر جانوروں کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ ماریہ نے کہا ہم بھی جانوروں کا خیال کریں گے۔ دونوں سوچنے لگیں کہ جانوروں کا خیال کیسے رکھا جائے۔ ملیحہ کی امی آئیں اور بولیں لو ساتھ نارنگی اور ناشپاتی بھی کھالو۔ اس سے دماغ اچھا کام کرتا ہے۔ سب ہنسنے لگے۔



مقصد: بچوں کو 'ا'، 'م'، 'ن' اور 'پ' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

تاریخ ____________







مقصد: آواز 'ا'، 'ہ'، 'ن' اور 'م' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

تاریخ ________






EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

مقصد: شروع کی آوازوں کا اعادہ


برائے اساتذہ: بچوں سے شروع کی آواز پوچھیے اور حرف کو اُن کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔

تاریخ ________




گھوڑا جھنڈا لے کر بھاگا


'ا' ہے اونچا سیدھا سادا




گھوڑا




جھنڈا





تالا



EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015

مقصد: آواز 'ا' کی پہچان


برائے اساتذہ: بچوں سے آواز 'ا' پر ختم ہونے والی مزید چیزوں کے نام پوچھیے۔

تاریخ ________





منہ کو کھولو کھانا کھالو

'ف' اور 'ذ' سے 'و' بنالو





تولو





بولو





روکو

مقصد: 'و' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'و' پر ختم ہونے والی چیزیں دکھائیے ان کے نام اور آخری آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

# پاشا کا گھوڑا

پاشا کو گھڑ سواری کا بہت شوق تھا۔ اس کے ابا نے اسے ایک چھوٹا سا گھوڑا لا کر دیا۔ وہ روزانہ گھوڑے پر سیر کرتا تھا، وہ بہت خوش تھا۔ ایک دن وہ جا رہا تھا کہ اس نے دیکھا دور ایک کنارا ہے جہاں جھنڈا لگا ہوا ہے۔ وہ تیزی سے گھوڑا دوڑاتا ہوا گیا (ٹک ٹک ٹک)۔ اس نے وہ جھنڈا اٹھا لیا۔ اس پر چاند اور تارا بنا ہوا تھا۔ اس نے وہ جھنڈا اپنے گھر کی چھت پر لگا دیا۔ وہ باہر جانے لگا تو اس کی امی نے کہا دو کلو کینو لے آؤ۔



مقصد: بچوں کو 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

پاشا کینو والے کے پاس گیا اور بولا دو کلو کینو تو لو۔ ابھی وہ کینو تول ہی رہا تھا کے ایک گاڑی تیزی سے آئی اور کینو کے ٹھیلے کو ٹکر مار کر چلی گئی۔ وہیں ایک سپاہی نے آواز دی 'گاڑی روکو'۔ گاڑی والے نے گاڑی روکی۔ پاشا نے گاڑی والے کو سمجھایا کے اتنی تیز گاڑی نہیں چلانی چاہیے اس سے ایکسیڈینٹ ہو سکتا ہے۔ اس لیے گاڑی آہستہ چلانی چاہیے۔ پاشا نے کہا 'بولو۔ آئندہ تیز گاڑی تو نہیں چلاؤ گے۔ ڈرائیور نے کہا آپ نے مجھے اچھی باتیں بتائی ہیں۔ آئندہ میں خیال رکھونگا۔



مقصد: بچوں کو 'ہ'، 'ژ'، 'ی' اور 'ے' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

تاریخ ____________




الٹا کر کے 'ڈ' کو گھمایا
موٹا تازہ 'ی' کو پایا




مکھی




مکڑی



گھڑی






FAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING
Copyright 2014-2015


مقصد: 'ی' کی پہچان۔

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ی' پر ختم ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور آخری آواز پوچھیے۔

تاریخ ________




'ز' کو کھینچو 'ے' بنالو
دانے پاپے سارے کھالو




باجے





دانے





خانے

مقصد: 'ے' کی پہچان

برائے اساتذہ: بچوں کو آواز 'ے' پر ختم ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور آخری آواز پوچھیے۔

EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright | 2014-2015

# دوسہیلیاں

مکھی اور مکڑی دو سہیلیاں تھیں۔ ان دونوں میں بہت دوستی تھی۔ ایک دن دونوں نے سوچا کے گھومنے چلتے ہیں۔ دونوں تیار ہو رہی تھیں۔ گھڑی دیکھی تو تین بج رہے تھا۔ مکھی نے جالی کے باہر دیکھا تو بہت تیز دھوپ تھی۔ مکڑی نے کہا چلو ہم تھوڑا سامان رکھ لیتے ہیں۔ انھوں نے پاپڑ اور ٹکیے کے دانے رکھ لیے۔ مکھی بہت خوش ہوئی اور خوشی سے تالی بجانے لگی۔



مقصد: بچوں کو 'ا'، 'ذ'، 'ی' اور 'ے' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔

اب شام ہورہی تھی، وہ باہر نکلیں اور ایک اسٹور پر گئیں۔ وہاں پر ہر چیز ترتیب سے خانے میں رکھی ہوئی تھی۔ مکڑی بھاگ کر گئی، ایک باجا اٹھا کر لے آئی اور بجانے لگی (پوں، پوں، پوں)۔ مکھی نے کہا 'ایسے نہیں کرتے۔ تمھیں پسند ہے تو خرید لیتے ہیں۔ انھوں نے دو باجے لیے اور اسٹور سے باہر آگئیں۔ اور خوب مزے سے باہر گھومنے لگیں پھر اُن کو بھوک لگ گئی، تو انہوں نے گنے کا رس اور مالٹے لیے، مزے سے کھائے اور گھر واپس آگئیں۔



مقصد: بچوں کو 'ہ'، 'و'، 'ی' اور 'ے' کی پہچان

برائے اساتذہ: پہلے بچوں کو کتاب دکھا کر نام اور کردار کا تعارف کرائیں اور پھر ایک دلچسپ طریقے سے کہانی سنائیں۔




تاریخ ______




EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

مقصد: آواز 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی آخری آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

تاریخ ______




| | |
|---|---|
| و | ا |
| ا | و |
| ے | ی |
| ی | ے |

EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT, SYSTEM & TRAINING
Copyright 2014-2015

مقصد: آخری آوازوں کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے آخری آواز پوچھیے اور حرف کو ان کی درست حروف سے ملانے میں مدد کیجیے۔

تاریخ ________




ب




خ



پ



د



ت




ڈ




ٹ



ر



ج



ز



چ



س



ح



ش



مقصد: آوازوں کا اعادہ
برائے اساتذہ: بچوں کو درست تصویر پر دائرہ لگانے پر شاباشی دیجیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM Copyright 2014-2015

تاریخ ________





ع

م


غ

ن


ف


ہ


ق

ا


ک

و


گ

ی


ل

ے


مقصد: آوازوں کا اعادہ
برائے اساتذہ: بچوں کو درست تصویر پر دائرہ لگانے پر شاباشی دیجیے۔

EAST EDUCATIONAL ASSESSMENT SYSTEM & TRAINING Copyright 2014-2015

# فہرست


کرداروں کا تعارف ............ 1

"ب" کی پہچان ............ 2

"پ" کی پہچان ............ 3

"ت" کی پہچان ............ 4

"ٹ" کی پہچان ............ 5

"ب""پ""ت""ٹ" کی کہانی ............ 6-7

"ب""پ""ت""ٹ" کا اعادہ ............ 8

شروع کی آواز کا اعادہ ............ 9

"ج" کی پہچان ............ 10

"چ" کی پہچان ............ 11

"ح" کی پہچان ............ 12

"خ" کی پہچان ............ 13

"ج""چ""ح""خ" کی کہانی ............ 14-15

"ج""چ""ح""خ" کا اعادہ ............ 16

شروع کی آواز کا اعادہ ............ 17

"د" کی پہچان ............ 18

"ڈ" کی پہچان ............ 19

"ر" کی پہچان ............ 20

"ز" کی پہچان ............ 21

"د""ڈ""ر""ز" کی کہانی ............ 22-23

"د""ڈ""ر""ز" کا اعادہ ............ 24

شروع کی آواز کا اعادہ ............ 25

"س" کی پہچان ............ 26

"ش" کی پہچان ............ 27

"ص" کی پہچان ............ 28

"ض" کی پہچان ............ 29

"س""ش""ص""ض" کی کہانی ............ 30-31

"س""ش""ص""ض" کا اعادہ ............ 32

شروع کی آواز کا اعادہ ............ 33

"ف" کی پہچان ............ 34

"ق" کی پہچان ............ 35

"ک" کی پہچان ............ 36

"گ" کی پہچان ............ 37

"ف""ق""ک""گ" کی کہانی ............ 38-39

"ف""ق""ک""گ" کا اعادہ ............ 40

شروع کی آواز کا اعادہ ............ 41

"ل" کی پہچان ............ 42

"م" کی پہچان ............ 43

"ن" کی پہچان ............ 44

"ہ" کی پہچان ............ 45

"ل""م""ن""ہ" کی کہانی ............ 46-47

"ل""م""ن""ہ" کا اعادہ ............ 48

شروع کی آواز کا اعادہ ............ 49

"ء" کی پہچان ............ 50

"و" کی پہچان ............ 51

"ا" اور "و" کی کہانی ............ 52-53

"ی" کی پہچان ............ 54

"ے" کی پہچان ............ 55

"ی" اور "ے" کا اعادہ ............ 56-57

"ا""و""ی""ے" کا اعادہ ............ 58

آخر کی آواز کا اعادہ ............ 59

آوازوں کا اعادہ ............ 60-61